HM Government

ونڈ رش ہیلپ ٹیم

کیا آپ یا آپ کا خاندان ونڈرش کی وجہ سے متاثر ہوا ہے؟

اگر آپ یا آپ کے والدین **1973** سے قبل کسی بھی دولتِ مشترکہ کے ملک سے یو کے میں آئے تھے یا آپ یو کے میں **1988** کے اختتام سے پہلے کسی بھی ملک سے آئے تھے تو پھر ہم آپ کا قانونی سٹیٹس دکھانے کے لیے دستاویزات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہم وہ ہرجانہ یعنی کمپنسیشن حاصل کرنے میں بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں جس کے آپ مستحق ہیں۔

HM Government

کچھ لوگ جو سالوں پہلے قانونی طریقے سے یو کے میں سیٹل یعنی سکونت پذیر ہو گئے تھے، اُن کے پاس یہاں رہنے اور کام کرنے کا قانونی حق دکھانے کے لیے کاغذات نہیں ہیں۔

حکومت کی ونڈرش ہیلپ ٹیم یہ کاغذات مفت حاصل کرنے کے لیے لوگوں کی مدد کر رہی ہے۔ اگر نوکوی اور ہلتھ کیئر جیسی چیزوں کے سلسلے میں آپ کا نقصان ہوا ہے کیونکہ آپ یو کے میں رہنے کا اپنا حق ثابت نہیں کر پائے تھے تو ممکن ہے کہ آپ ہر جانہ یعنی کمپنسیشن کے لیے بھی کلیم کر سکیں۔

ممکن ہے کہ آپ مدد حاصل کر پائیں اگر:

- آپ یا آپ کے والدین 1973 سے قبل کسی بھی دولتِ مشترکہ کے ملک سے یو کے میں آئے تھے
- آپ یو کے میں 1988 کے اختتام سے پہلے کسی بھی ملک سے آئے تھے

ہو سکتا ہے کہ کچھ پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں اور قریبی عزیز بھی ہرجانے کے لیے دعویٰ دائر کرنے کے اہل ہوں۔

مفت ہیلپ لائن کو کال کریں: 0800 678 1925

وزٹ کریں: GOV.UK/WindrushHelpTeam

آپ ہمیں جو کچھ بھی بتائیں گے اُسے حساسیت کے ساتھ سنبھالا جائے گا اور آپ کی معلومات امیگریشن اینفورسمنٹ کو نہیں دی جائیں گی۔